ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: عمر خیام

جلد02	منگل 16 جنوری 2024ء، 04 رجب المرجب 1445ھ، 03 ماگھ 2080	صفحات04 / قیمت20 روپے	شمارہ نمبر271

جامعہ پونچھ اور لاہور گیریژن یونیورسٹی میں معاہدہ دوطرفہ تعاون کو فروغ دیا جائیگا

معاہدے کے تحت دونوں جامعات کے درمیان مشترکہ تحقیق، فیکلٹی اور دوطرفہ تجربات سے استفادہ کیا جا سکے گا

اساتذہ کی پیشہ وارانہ ترقی اور طلبہ کی صلاحیتوں میں نکھار کیلئے جامعات کے درمیان تعاون ناگزیر ہے، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ اور لاہور گیریژن یونیورسٹی کے درمیان دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر لئے گئے ہیں۔ دونوں جامعات کے سربراہان وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریہ ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) اور وائس چانسلر گیریژن یونیورسٹی میجر جنرل (ر) محمد خلیل ڈار ایچ آئی (ایم) نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے۔ معاہدے کے تحت دونوں جامعات کے (بقیہ 9 3 صفحہ 3 0 پر)

درمیان مشترکہ تحقیق کے فروغ کیلئے فیکلٹی ممبران اور طلبہ کے تبادلوں سمیت دو طرفہ تجربات سے استفادہ کیا جا سکے گا۔اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر نے دونوں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے درمیان دو طرفہ تعاون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دستیاب وسائل کے بہترین استعمال کیلئے دو طرفہ تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔اداروں کے مابین روابط طلبہ و سکالرز کی صلاحیتوں میں نکھار کیلئے بھی ایسے معاہدے ناگزیر ہیں ۔انھوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کو چار دیواری کے اندر نہیں رکھا جا سکتا۔ضروری ہے کہ طلبہ اور اساتذہ علاقائی ثقافت وروایات سے بھی مکمل آگاہی رکھتے ہوں اور ایسا اسی صورت میں ہی ممکن ہے جب جامعات کے درمیان اس طرح کے معاہدے ہوں۔اساتذہ کی پیشہ وارانہ ترقی اور طلبہ کی صلاحیتوں میں نکھار کیلئے بہت ضروری ہے کہ ان کے تدریسی طریقے کثیر الجہتی ہوں ۔یہ اسی صورت ہی ممکن ہے جب جامعات میں مشترکہ کانفرنسوں ،ورکشاپس اور سیمینارز کا انعقاد کیا جائے ۔کمیونٹی اور عالمی برادری میں اچھی ساکھ کیلئے بھی دو طرفہ تعاون انتہائی ضروری ہے۔انھوں نے کہا کہ کمیونٹی کے لئے مشترکہ پروگرام ترتیب دینے سماجی مسائل کو سمجھنے کیلئے دو طرفہ تعاون ناگزیر ہے۔وائس چانسلر گیریژن یونیورسٹی میجر جنرل (ر) محمد عقیل ڈار نے کہا کہ ہم رواتی تعلیم سے ہٹ کر ایسی تعلیم کا فروغ چاہتے ہیں جس میں زیادہ سے زیادہ سماجی فوائد حاصل کئے جا سکیں